88047- عورت سپر مارکیٹ پر ملازمت کرتی ہے جہاں سے رقم چوری ہوگئی اب اس پر تہمت لگنے کا خدشہ ہے

سوال

میں نے ریڈی میڈ گارمنٹس کی دوکان پر ملازمت کرتی ہوں وہاں سے کچھ رقم چوری ہوگئی ہے، اور یہ سب کچھ غیر ارادی طور پر ہوا میری طرف سے کوتاہی کی بنا پر نہیں، اب مجھے یہ پتہ نہیں چل رہا کہ میں کیا کروں کیا مالک کو بتا دوں ؟

یہ علم میں رہے کہ وہ شخص بہت زیادہ بدگمان ہے اور فورا مجھ پر تہمت لگا دیگا، اسے بتانے سے مجھے خدشہ ہے کہ میری شہرت خراب ہوگی، اور میں یہ رقم واپس نہیں کر سکتی کیونکہ میری مالی حالت اس کی اجازت نہیں دیتی، میں کیا کروں ؟

پسندیدہ جواب

اگر تو آپ نے مال کی حفاظت میں کوئی
کمی و کوتاہی نہیں کی، یا دوکان پر رہنے اور اس میں موجود اشیاء کی خیال رکھنے میں
کوئی کمی و کوتاہی نہیں کی تو آپ پر کوئی حرج نہیں، آپ مالک کو اس کی خبر کرنے پر
مجبور ہیں، اور یہ اس سے بہتر ہے کہ اسے خود ہی مال غائب ہونے کا علم ہو، آپ کو
چاہیے کہ آپنا معاملہ اللہ کے سپرد کر دیں تا کہ وہ آپ کی برات ظاہر کر دے.

لیکن اگر آپ کی کوتاہی کی بنا پر رقم
چوری ہوئی ہے تو آپ کے لیے مالک کو ادائیگی کرنا ضروری ہے، الا یہ کہ وہ معاف کر
دے.

واللہ اعلم.